www.KitaboSunnat.com

# دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس قرآنی قاعدہ

سمسٹر نمبر 1 ٹوٹل سمسٹر: 6 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: ______ نام مرکز/مسجد: ______

| قرآنی قاعدہ |
|---|
| سبق نمبر 1 تا 3 مکمل |

## پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ

| | | |
|---|---|---|
| 1 | سیڑھیاں چڑھتے وقت کی دعا کیا ہے؟ | اَللّٰہُ أَکْبَرُ |
| 2 | سیڑھیاں اترتے وقت کی دعا کیا ہے؟ | سُبْحَانَ اللّٰهِ |
| 3 | کسی شخص کو سلام کن الفاظ سے کہنا چاہیے؟ | اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ |
| 4 | سلام کا جواب کن الفاظ سے دینا چاہیے؟ | وَعَلَيْكُمُ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهُ |
| 5 | کھانے اور پینے سے پہلے کون سی دعا پڑھنی چاہیے؟ | بِسْمِ اللّٰهِ |
| 6 | اگر کھانے سے پہلے بسم اللہ بھول جائے تو کیا پڑھنا چاہیے؟ | بِسْمِ اللّٰهِ فِيْ أَوَّلِهٖ وَاٰخِرِهٖ |
| 7 | کھانا کھانے کے بعد کون سی دعا پڑھنی چاہیے؟ | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنِيْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ |
| 8 | دودھ پینے کے بعد کون سی دعا پڑھنی چاہیے؟ | اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ |
| 9 | شکریہ کن الفاظ سے ادا کرنا چاہیے؟ | جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا |
| 10 | اچھی خبر سن کر کیا پڑھا جائے؟ | مَاشَاءَ اللّٰهُ |
| 11 | بری خبر سن کر کیا پڑھا جائے؟ | إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ |
| 12 | گدھے کی آواز سن کر اور غصے کے وقت کیا پڑھا جائے؟ | أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ |

## دوسرا ہفتہ/ھدیۃ الاطفال

| | | |
|---|---|---|
| 1 | ہم کون ہیں؟ | ہم مسلمان ہیں۔ |
| 2 | ہمارا مذہب کیا ہے؟ | ہمارا مذہب اسلام ہے۔ |
| 3 | اللہ تعالیٰ کے نزدیک صحیح دین کون سا ہے؟ | اللہ تعالیٰ کے نزدیک صحیح دین صرف اسلام ہے۔ |
| 4 | اسلام کیا ہے؟ | اسلام اللہ تعالیٰ کا آخری آسمانی دین ہے جسے محمد ﷺ لے کر آئے۔ |
| 5 | ہمارے لیے یہ دین کس نے پسند کیا؟ | ہمارے لیے یہ دین اللہ تعالیٰ نے پسند کیا۔ |
| 6 | اللہ تعالیٰ نے ہمیں دین اسلام سے کیوں نوازا؟ | تاکہ ہم اس پر عمل کر کے دنیا و آخرت میں کامیاب ہو جائیں۔ |

## تیسرا ہفتہ/احادیث

قال رسول اللہ ﷺ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1 | دعا کرنا کیسا ہے؟ | اَلدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ | دعا کرنا عین عبادت ہے۔ |
| 2 | غصے کے بارے میں فرمان نبوی ﷺ کیا ہے؟ | لَا تَغْضَبْ | غصہ نہ کرو۔ |
| 3 | حسد کے بارے میں فرمان نبوی ﷺ کیا ہے؟ | لَا تَحَاسَدُوْا | ایک دوسرے سے حسد نہ کرو۔ |
| 4 | بغض کے بارے میں فرمان نبوی ﷺ کیا ہے؟ | لَا تَبَاغَضُوْا | ایک دوسرے سے بغض نہ رکھو۔ |
| 5 | ایمان کا کوئی ایک حصہ بیان کریں؟ | اَلْحَيَاءُ شُعْبَةٌ مِّنَ الْإِيْمَانِ | حیا ایمان کا ایک حصہ ہے۔ |
| 6 | نیکی کس چیز کا نام ہے؟ | اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ | نیکی حسن اخلاق کا نام ہے۔ |

بسم اللہ الرحمن الرحیم

قُلْ أَطِيعُوا اللهَ وَأَطِيعُوا الرَّسُولَ

مجلس التحقیق الاسلامی کے زیر اہتمام

محدث لائبریری

کتاب وسنت کی روشنی میں لکھی جانے والی اردو اسلامی کتب کا سب سے بڑا مفت مرکز

# معزز قارئین توجہ فرمائیں

- کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب... عام قاری کے مطالعے کیلئے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کیلئے ان کتب کو ڈاؤن لوڈ (Download) کرنے کی اجازت ہے۔

## تنبیہ

ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کیلئے استعمال کرنے کی ممانعت ہے

کیونکہ یہ شرعی، اخلاقی اور قانونی جرم ہے۔

اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں

PDF کتب کی ڈاؤن لوڈنگ، آن لائن مطالعہ اور دیگر شکایات کے لیے درج ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ فرمائیں۔

KitaboSunnat@gmail.com

library@mohaddis.com

www.KitaboSunnat.com

| چوتھا ہفتہ/تجوید | | |
|---|---|---|
| 1 | حروفِ تہجی کسے کہتے ہیں؟ | الف سے ی تک حروف کو "حروف تہجی" کہتے ہیں۔ |
| 2 | حروفِ تہجی کی تعداد کتنی ہے؟ | حروفِ تہجی کی تعداد 29 ہے۔ |
| 3 | مُہمَل کسے کہتے ہیں؟ | نقطے کے بغیر حرف کو مُہمَل کہتے ہیں۔ جیسے ع،ح وغیرہ۔ |
| 4 | مُعجَم کسے کہتے ہیں؟ | نقطے والے حرف کو مُعجَم کہتے ہیں۔ جیسے غ،خ وغیرہ۔ |
| 5 | تفخیم کسے کہتے ہیں؟ | پُر (موٹا) پڑھنا۔ جس حرف کو پُر پڑھا جائے،اسے مُفخَّم کہتے ہیں۔ |
| 6 | ترقیق کسے کہتے ہیں؟ | باریک پڑھنا۔ جس حرف کو باریک پڑھا جائے،اسے مُرقَّق کہتے ہیں۔ |

| پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ | | |
|---|---|---|
| 1 | ہمارے پیارے نبی ﷺ کا اسم گرامی کیا ہے؟ | محمد ﷺ اور احمد۔ |
| 2 | محمد ﷺ اور احمد کے معنی کیا ہیں؟ | محمد کا معنی "بہت تعریف کیا گیا" اور احمد کا معنی "بہت تعریف کرنے والا" ﷺ |
| 3 | آپ ﷺ کا نام محمد کس نے رکھا؟ | آپ ﷺ کے دادا جناب عبد المطلب نے تجویز کیا۔ |
| 4 | آپ ﷺ کا نام احمد کس نے رکھا؟ | آپ ﷺ کی والدہ محترمہ بی بی آمنہ نے آپ کا نام احمد تجویز کیا۔ |
| 5 | نبی ﷺ کی ولادت باسعادت کب اور کہاں ہوئی؟ | 9 ربیع الاوّل عام الفیل مطابق 20 اپریل 571ء بروز پیر کو عرب کے شہر مکہ میں۔ |
| 6 | نبی ﷺ کس قبیلے سے تعلق رکھتے تھے؟ | قبیلہ قریش سے۔ |

## چھٹا ،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

حفظ القرآن

تلاوت:سورۃ الناس (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ، بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ، مَلِكِ النَّاسِ، إِلٰهِ النَّاسِ، مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ، الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ، مِنَ الْجِنَّةِ وَ النَّاسِ

| منظوم کلام | تقریر بعنوان خاموشی میں نجات ہے |
|---|---|
| کوئی بھی معبود نہیں،لا الہ الا اللہ<br>کوئی بھی مسجود نہیں،لا الہ الا اللہ<br>مشکل کتنی بھاری ہو،دہشت کتنی طاری ہو<br>جینے میں دشواری ہو،لب پہ پھر بھی جاری ہو<br>ہے رازق ستار وہی،ہے مالک غفار وہی<br>ہر اک اس کا منگتا ہے،سب کا پالن ہار وہی<br>اور کوئی داتا کب ہے،اللہ ہی سب کا رب ہے<br>دن اس کا،اس کی شب ہے،اس کی قدرت میں سب ہے<br>تو چاہت کا پرچم ہو،ایک ہی در پہ سر خم ہو<br>اس قرآن وسنت کے تابع سارا عالم ہو | نَحْمَدُهٗ وَ نُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَأَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔لَا خَيْرَ فِيْ كَثِيْرٍ مِّنْ نَّجْوٰهُمْ<br>کھلی زبان تو ظرف ان کا ہو گیا ظاہر ----- ہزار بھید چھپا رکھے تھے خاموشی نے<br>سامعین کرام!جب بولنا فضول ہو،تب خاموشی عبادت ہوتی ہے۔خاموشی انسان کو صبر سکھاتی ہے۔خاموشی سے برائیوں کو زنجیر پڑتی ہے۔خاموش رہنے سے انسان زبان کی آفتوں سے بچ جاتا ہے۔اسی لیے نبی مکرم ﷺ نے فرمایا مَنْ صَمَتَ نَجَا:جو خاموش رہا،وہ نجات پا گیا۔خاموشی پیارے پیغمبر ﷺ کی صفت تھی كَانَ طَوِيْلَ الصَّمْتِ۔ ابن مسعودؓ فرماتے ہیں:اِيَّاكُمْ وَ فُضُوْلَ الْكَلَامِ فضول گفتگو سے بچو۔اسلام نے فضول گفتگو کی مذمت کی ہے اور خاموشی کو باعث نجات کہا ہے۔ایمان کا تقاضا ہے کہ اچھی بات کرو،ورنہ خاموش رہو۔اس لیے ہمیں چاہیے کہ جب بھی بات کریں خیر و بھلائی کے الفاظ نکالیں ورنہ خاموش رہیں۔اس لیے کہ اسلام کی خوبصورتی فضول چیزوں سے دامن بچانے میں ہے۔<br>چپ چاپ اس جہاں میں رہنے میں ہے نجات ----- دنیا تو عرض حال سے بے آبرو کرے<br>وما علینا الا البلاغ المبین |

| آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمی+دوہرائی | |
|---|---|
| 1 | بچوں کو مسنون وضو کا عملی طریقہ سکھایا جائے۔ |

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس قرآنی قاعدہ

سمسٹر نمبر 2　　ٹوٹل سمسٹر: 6　　سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: ____________　　نام مرکز/مسجد: ____________

| قرآنی قاعدہ |
|---|
| سبق نمبر 4 تا 8 مکمل |

**پہلاہفتہ/ادعیہ مسنونہ**

| | | |
|---|---|---|
| 13 | قرآن اور نماز میں وسوسے سے بچاؤ کے لئے کیا پڑھنا چاہیے؟ | أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ |
| 14 | مرغ کی آواز سن کر کیا پڑھا جائے؟ | اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ |
| 15 | چھینک لینے والا کیا کہے؟ | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ |
| 16 | چھینک کا جواب کیسے دیا جائے؟ | يَرْحَمُكَ اللّٰهُ |
| 17 | چھینک لینے والا جواب میں کیا کہے؟ | يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ |
| 18 | بیت الخلاء میں داخل ہوتے وقت کون سی دعا پڑھی جائے؟ | بِسْمِ اللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ |
| 19 | بیت الخلاء سے نکلتے وقت کون سی دعا پڑھی جائے؟ | غُفْرَانَكَ |
| 20 | وضو شروع کرتے وقت کون سی دعا پڑھی جائے؟ | بِسْمِ اللّٰهِ |
| 21 | وضو کرنے کے بعد کون سی دعا پڑھنی چاہیے؟ | اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ |
| 22 | | اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ۔ |
| 23 | مسجد میں داخل ہوتے وقت کون سی دعا پڑھی جائے؟ | بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ أَبْوَابَ رَحْمَتِكَ |
| 24 | مسجد سے نکلتے وقت کون سی دعا پڑھی جائے؟ | بِسْمِ اللّٰهِ وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ |

**دوسرا ہفتہ/ہدیۃ الاطفال**

| | | |
|---|---|---|
| 7 | اللہ تعالیٰ نے دین اسلام کس لیے بھیجا؟ | اللہ تعالیٰ نے دین اسلام اس لیے بھیجا تاکہ یہ باقی سب مذاہب اور دینوں پر غالب آجائے۔ |
| 8 | ہمیں کس نے پیدا کیا؟ | ہمیں اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا۔ |
| 9 | اللہ تعالیٰ نے ہمیں کس لیے پیدا کیا؟ | اللہ تعالیٰ نے ہمیں اپنی عبادت کے لیے پیدا کیا۔ |
| 10 | عبادت کیا ہے؟ | عبادت ان تمام کاموں کو کہتے ہیں جنہیں اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے، مثلا: دعا، نماز، قربانی، روزے، حج اور مَنّت ماننا۔ |
| 11 | ہم اللہ تعالیٰ کی عبادت کس طرح کریں؟ | جس طرح اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھایا ہے۔ |
| 12 | عبادت میں احسان سے کیا مراد ہے؟ | عبادت میں اللہ تعالیٰ کی طرف پورا دھیان رکھنا، مکمل توجہ اور اطمینان سے عبادت کرنا احسان کہلاتا ہے۔ |

**تیسرا ہفتہ/احادیث**

قال رسول اللہ ﷺ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 7 | اعمال کی قبولیت کا انحصار کس پر ہے؟ | اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ | اعمال کی قبولیت کا انحصار نیتوں پر ہے۔ |
| 8 | جنت کی کنجی کیا ہے؟ | مِفْتَاحُ الْجَنَّةِ الصَّلَاةُ | جنت کی کنجی، نماز ہے۔ |
| 9 | ہر نیکی کیا ہے؟ | كُلُّ مَعْرُوْفٍ صَدَقَةٌ | ہر نیکی صدقہ ہے۔ |
| 10 | دھوکا دینے والے کا انجام کیا ہے؟ | مَنْ غَشَّنَا فَلَيْسَ مِنَّا | جو ہمیں دھوکا دیتا ہے، اس کا ہم سے کوئی تعلق نہیں۔ |
| 11 | قیامت کے دن آدمی کس کے ساتھ ہوگا؟ | اَلْمَرْءُ مَعَ مَنْ أَحَبَّ | آدمی قیامت کے دن اسی کے ساتھ ہوگا، جس سے اس نے دنیا میں محبت کی۔ |
| 12 | اچھے کام کی سفارش کا کیا فائدہ ہے؟ | اِشْفَعُوْا فَلْتُؤْجَرُوْا | اچھے کام کی سفارش کرو، تمہیں اجر ملے گا۔ |

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

## چوتھا ہفتہ/تجوید

| | | |
|---|---|---|
| 7 | متحرک کسے کہتے ہیں؟ | حرکت والے حرف کو متحرک کہتے ہیں۔ |
| 8 | حرکت کسے کہتے ہیں؟ | زبر، زیر اور پیش میں سے ہر ایک کو حرکت کہتے ہیں۔ عربی میں ان تینوں کو حرکاتِ ثلاثہ کہتے ہیں۔ |
| 9 | فتحہ / نصب کسے کہتے ہیں؟ | زبر کو کہتے ہیں۔ جس حرف پر زبر ہو، اسے مفتوح / منصوب کہتے ہیں۔ |
| 10 | کسرہ / جر کسے کہتے ہیں؟ | زیر کو کہتے ہیں۔ جس حرف کے نیچے زیر ہو، اسے مکسور / مجرور کہتے ہیں۔ |
| 11 | ضمہ / رفع کسے کہتے ہیں؟ | پیش کو کہتے ہیں۔ جس حرف پر پیش ہو، اسے مضموم / مرفوع کہتے ہیں۔ |
| 12 | مُنَوَّن کسے کہتے ہیں؟ | وہ حرف جس پر تنوین ہو، اسے مُنَوَّن کہتے ہیں۔ |

## پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ

| | | |
|---|---|---|
| 7 | نبی ﷺ کا سلسلۂ نسب کس پیغمبر سے ملتا ہے؟ | سیدنا ابراہیم علیہ السلام سے۔ |
| 8 | نبی ﷺ کے والد اور والدہ کا کیا نام تھا؟ | والد کا نام "عبد اللہ" اور والدہ کا نام "آمنہ" تھا۔ |
| 9 | نبی ﷺ کے دادا اور دادی کا کیا نام تھا؟ | دادا کا نام "عبد المطلب" اور دادی کا نام "فاطمہ بنت عَمرو" تھا۔ |
| 10 | نبی ﷺ کے نانا اور نانی کا کیا نام تھا؟ | نانا کا نام "وہب بن عبد مناف" اور نانی کا نام "بَرّہ" تھا۔ |
| 11 | نبی ﷺ کے کتنے چچے اور کتنی پھوپھیاں تھیں؟ | 10 یا 11 چچے اور 6 پھوپھیاں تھیں۔ |
| 12 | نبی ﷺ کے کتنے چچے اور کتنی پھوپھیاں مسلمان ہوئیں؟ | آپ ﷺ کے 2 چچے اور 3 پھوپھیاں مسلمان ہوئیں۔ |

## چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

### حفظ القرآن

تلاوت: سورۃ الفلق (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ، بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ، مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ، وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ إِذَا وَقَبَ، وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ، وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ إِذَا حَسَدَ

### منظوم کلام

خُدایا تیری رحمت پہ ہمیشہ ناز کرتا ہوں
ترے ہی نام سے ہر کام کا آغاز کرتا ہوں
مرے مالک مجھے کافی سہارے تیری نُصرت کے
میں تنکوں کے سہاروں کو نظر انداز کرتا ہوں
مِرے مولا تو ہی ہم راز ہے میرے گناہوں کا
میں تیرے رُوبرُو توبہ میرے ہم راز کرتا ہوں
حقیقت میں تُو ہی حاجت روا ہے اہلِ حاجت کا
ترے در پہ نیاز آگیں جبینِ ناز کرتا ہوں
میں جُھکتا ہوں تیرے دَر پہ تو دُنیا جان لیتی ہے
اُٹھا کر پستیوں سے سَر کو سَر اَفراز کرتا ہوں
تِری رَحمت سے چلتے ہیں وفا کے قافلے یارَب
تِری رَافت سے کٹتے ہیں جفا کے فاصلے یارَب

### تقریر بعنوان غیبت ایک معاشرتی ناسور

نَحْمَدُهٗ وَ نُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا

موقع ملے تو کسی کی نہ رسوائی کیجیے ----- غیبت کو چھوڑ کر خیر خواہی کیجیے

سامعینِ کرام! یوں تو ہم حرام کھانے سے بڑا بچتے ہیں۔ سود خوری کو برا سمجھتے ہیں مگر غیبت سے باز نہیں آتے۔ لوگوں کی عیب جوئیوں کو نہیں چھوڑتے۔ آج ہماری زبانیں دوسروں کی برائیاں کرتے نہیں تھکتیں۔ ہماری محفلیں نکتہ چینی کے بغیر مکمل نہیں ہوتیں۔ گھر ہو یا بازار، دفتر ہو یا مسجد، سفر ہو یا حضر، ہر جگہ دوسروں کی برائیاں ہی سننے کو ملتی ہیں حالانکہ کسی مسلمان کی غیبت کرنا، مردہ بھائی کے گوشت کھانے کی طرح ہے۔ کسی کے عیب تلاش کرنا حرام ہے۔ اِنَّ دِمَاءَكُمْ وَ اَمْوَالَكُمْ وَ اَعْرَاضَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ۔ کسی کی برائیاں بیان کرنا بہت بڑا گناہ ہے۔ سیدہ عائشہؓ نے ایک مرتبہ سیدہ صفیہ کو پستہ قد کہہ دیا، یہ ایک معمولی سا جملہ تھا، مگر آپ ﷺ نے فرمایا: اگر اس کلمے کو سمندر کے پانی میں ڈالا جائے تو وہ بھی اپنا ذائقہ بدل دے۔ اس لیے ہمیں چاہیے کہ اپنی آخرت کی فکر کریں۔ دوسروں کی برائیوں پہ نظر نہ رکھیں۔ ہر کسی کے بارے میں اچھا گمان رکھیں اور غیبت جیسی برائی سے بچیں۔

نہ تھی جب تک اپنے گناہوں پر نظر ----- رہے ڈھونڈتے اوروں کے عیب و ہنر

پڑی جو اپنے گناہوں پر نظر ---- تو نگاہ میں کوئی بھی برا نہ رہا۔ وما علینا الا البلاغ المبین

## آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمی+دوھرائی

| | |
|---|---|
| 2 | بچوں کو کھانا کھانے کے آداب سکھائے جائیں. |

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس قرآنی قاعدہ

سمسٹر نمبر 3 | ٹوٹل سمسٹر: 6 | سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم:__________ نام مرکز/مسجد:__________

| قرآنی قاعدہ: |
|---|
| سبق نمبر 9 تا 12 مکمل |

## پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ

| | | |
|---|---|---|
| 25 | تکبیر تحریمہ: | اَللّٰہُ أَکْبَرُ |
| 26 | دعائے استفتاح: | اَللّٰھُمَّ بَاعِدْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ خَطَایَایَ کَمَا بَاعَدْتَّ بَیْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ، اَللّٰھُمَّ نَقِّنِیْ مِنَ الْخَطَایَا کَمَا یُنَقَّی الثَّوْبُ الْأَبْیَضُ مِنَ الدَّنَسِ، اَللّٰھُمَّ اغْسِلْ خَطَایَایَ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ |
| 27 | دوسری دعا: | سُبْحَانَکَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَا إِلٰہَ غَیْرُکَ |
| 28 | تعوّذ اور بسملہ: | أَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ مِنْ ھَمْزِہٖ وَنَفْخِہٖ وَنَفْثِہٖ ، بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ |
| 29 | سورۃ الفاتحہ: | اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ، اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ، مَالِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ، إِیَّاكَ نَعْبُدُ وَإِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ، اھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ، صِرَاطَ الَّذِیْنَ أَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْھِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ (آمین) |
| 30 | سورۃ الاخلاص: | قُلْ ھُوَ اللّٰہُ أَحَدٌ، اَللّٰہُ الصَّمَدُ، لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ، وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا أَحَدٌ |

## دوسرا ہفتہ/ھدیۃ الاطفال

| | | |
|---|---|---|
| 13 | اللہ تعالیٰ کے ہاں عبادت قبول ہونے کی شرائط کیا ہیں؟ | اللہ تعالیٰ کے ہاں عبادت قبول ہونے کی تین شرطیں ہیں: 1عبادت کرنے والے کا عقیدہ صحیح ہو، یعنی وہ اللہ کے تنہا اور سچا رب ہونے پر ایمان رکھتا ہو۔2عبادت نبی کریم ﷺ کی سنت کے مطابق ہو۔3عبادت پورے اِخلاص کے ساتھ کی جائے۔ |
| 14 | اخلاص کسے کہتے ہیں؟ | اخلاص یہ ہے کہ عمل صرف اللہ تعالیٰ کے لیے ہو، دکھاوے کے لیے نہ ہو۔ |
| 15 | اسلام کی بنیاد کیا ہے؟ | اسلام کی بنیاد پانچ چیزیں ہیں جنہیں ارکانِ اسلام کہتے ہیں۔ |
| 16 | ارکانِ اسلام کون کون سے ہیں؟ | وہ پانچ چیزیں یہ ہیں: 1۔کلمہ شہادت 2۔نماز 3۔روزہ 4۔زکاۃ 5۔حج |
| 17 | کلمہ شہادت کسے کہتے ہیں؟ | أَشْھَدُ أَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَأَشْھَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ کو کلمہ شہادت کہتے ہیں۔ |
| 18 | کلمہ شہادت کا معنی کیا ہے؟ | میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی برحق معبود نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اللہ کے بندے اور رسول ہیں۔ |

## تیسرا ہفتہ/احادیث

قال رسول اللہ ﷺ

| | | | |
|---|---|---|---|
| 13 | مظلوم کے بارے میں فرمان نبوی ﷺ کیا ہے؟ | اِتَّقِ دَعْوَۃَ الْمَظْلُوْمِ | مظلوم کی بد دعا سے بچو۔ |
| 14 | اللہ تعالیٰ سے کس جگہ ڈرنا چاہئے؟ | اِتَّقِ اللّٰہَ حَیْثُمَا کُنْتَ | تم جہاں اور جس جگہ بھی ہو اللہ تعالیٰ سے ڈرو۔ |
| 15 | لوگوں سے کس طرح پیش آنا چاہئے؟ | خَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ | لوگوں کے ساتھ حسن سلوک سے پیش آؤ۔ |
| 16 | کھانا کس ہاتھ سے کھانا چاہئے؟ | لَایَاْکُلَنَّ اَحَدٌ مِّنْکُمْ بِشِمَالِہٖ | تم میں سے کوئی شخص بائیں ہاتھ سے نہ کھائے۔ |
| 17 | نرمی کرنے کے بارے میں فرمان نبوی ﷺ کیا ہے؟ | اِنَّ اللّٰہَ رَفِیْقٌ یُّحِبُّ الرِّفْقَ | بے شک اللہ تعالیٰ نرمی کرنے والا ہے۔اور نرمی کو پسند کرتا ہے۔ |
| 18 | صدقہ وخیرات کرنا کیسا ہے؟ | اِتَّقُوْا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَۃٍ | جہنم کی آگ سے بچو، خواہ کھجور کے ایک ٹکڑے ہی کو صدقہ وخیرات کر کے بچ سکو۔ |

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

## چوتھا ہفتہ/تجوید

| | | |
|---|---|---|
| 13 | تنوین کسے کہتے ہیں؟ | دوزبر، دوزیر اور دو پیش میں سے ہر ایک کو تنوین کہتے ہیں۔ |
| 14 | مشدد کسے کہتے ہیں؟ | جس حرف پر شد ہو، اسے مُشَدَّد کہتے ہیں۔ |
| 15 | مخفف کسے کہتے ہیں؟ | جس حرف پر شد نہ ہو، اسے مُخَفَّف کہتے ہیں۔ |
| 16 | غنّہ کسے کہتے ہیں؟ | ناک میں آواز لے جانے کو "غُنَّہ" کہتے ہیں- غُنَّہ کی مقدار ایک الف کے برابر ہے- |
| 17 | سکون کسے کہتے ہیں؟ | جزم کو سکون کہتے ہیں۔ جس حرف پر جزم ہو، اسے ساکن اور مجزوم کہتے ہیں۔ |
| 18 | جزم والا حرف کیسے پڑھا جاتا ہے؟ | جزم والا حرف اپنے سے پہلے والے حرف سے مل کر اکٹھا پڑھا جاتا ہے- |

## پانچواں ہفتہ/سیرت النبیﷺ

| | | |
|---|---|---|
| 13 | آپ ﷺ کے والد کی وفات کہاں ہوئی؟ | آپ ﷺ کے والد کی وفات مدینہ میں ہوئی۔ |
| 14 | وفات کے وقت آپ ﷺ کے والدِ محترم کی عمر کتنی تھی؟ | وفات کے وقت آپ ﷺ کے والدِ محترم کی عمر پچیس برس تھی۔ |
| 15 | نبی ﷺ کو سب سے پہلے کس لونڈی نے دودھ پلایا؟ | ابو لہب کی لونڈی ثویبہ نے۔ |
| 16 | رضاعی بہن بھائی کسے کہتے ہیں؟ | جو ایک ہی عورت کا دودھ پینے میں شریک ہوں۔ |
| 17 | نبی ﷺ کے رضاعی اور حقیقی بھائی کتنے تھے؟ | نبی ﷺ کے رضاعی بھائی سات اور حقیقی بھائی کوئی نہیں تھا۔ |
| 18 | نبی ﷺ کو کس دایہ نے کتنا عرصہ دودھ پلایا؟ | سیدہ حلیمہ سعدیہ ؓ نے دو سال دودھ پلایا۔ |
| 18 | آپ ﷺ کے سینہ مبارک چاک کیے جانے کا واقعہ کب پیش آیا؟ | آپ ﷺ کی ولادت کے چوتھے یا پانچویں سال پیش آیا۔ |

## چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

### حفظ القرآن

تلاوت:سورۃ اللھب (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

تَبَّتْ يَدَا أَبِيْ لَهَبٍ وَّتَبَّ، مَا أَغْنٰى عَنْهُ مَالُهٗ وَمَا كَسَبَ، سَيَصْلٰى نَارًا ذَاتَ لَهَبٍ، وَّامْرَأَتُهٗ حَمَّالَةَ الْحَطَبِ، فِيْ جِيْدِهَا حَبْلٌ مِّنْ مَّسَدٍ

### منظوم کلام

محمد مصطفیٰ آئے بہار اندر بہار آئی
زمیں کو چومنے جنت سے خوشبو بار بار آئی
جناب آمنہ کا چاند جب چمکا زمانے میں
قمر کی چاندنی قدموں پہ ہونے کو نثار آئی
محمد مصطفیٰ آئے بہار اندر بہار آئی
بڑی مایوس تھی دائی حلیمہ جب گئی مکے
مگر آئی تو لے کر دو جہاں کا تاجدار آئی
حلیمہ ہر کسی کو رشک ہے تیرے مقدر پر
تیرے غربت کدے میں رحمتِ پروردگار آئی
محمد مصطفیٰ آئے بہار اندر بہار آئی
زمیں کو چومنے جنت سے خوشبو بار بار آئی
محمد مصطفیٰ آئے بہار اندر بہار آئی

### تقریر بعنوان ہمیشہ سچ بولو

نَحْمَدُهٗ وَ نُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ - اَمَّا بَعْدُ فَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ- بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ- وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا

جنہیں یہ فکر نہیں سر رہے یا نہ رہے-----وہ سچ ہی کہتے ہیں جب بولنے پہ آتے ہیں

اربابِ گرامی! ہم مسلمان ہیں۔ اسلام نے ہمیں عمدہ صفات سے مزین ہونے کا حکم دیا ہے تاکہ ہم معاشرے میں عزت و شرافت کے چراغ بنیں اور لوگوں کے لیے قابلِ عمل نمونہ ثابت ہوں۔ ان صفات میں سے ایک صفت سچ بولنا بھی ہے۔ سچ ایک طاقت ہے۔ سچ ایک اعلیٰ صفت ہے۔ سچ سے انسان کو بلندی ملتی ہے۔ سچ سے انسان مضبوط ہوتا ہے۔ سچ سے آدمی قابلِ اعتماد بنتا ہے۔ قرآن و حدیث کے اوراق میں سچ کی فضیلت جگہ جگہ بکھری پڑی ہے۔ قرآن کہتا ہے سچ انبیاء کی صفت ہے اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا۔ قرآن کہتا ہے سچائی اللہ کا وصف ہے وَمَنْ أَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ حَدِيْثًا۔

قرآن کہتا ہے سچے لوگوں کو ان کی سچائی فائدہ دے گی۔ يَوْمَ يَنْفَعُ الصَّادِقِيْنَ صِدْقُهُمْ۔

یہ معجزہ ہے کہ دنیا میں ایک بھی سچ کو-----ہزار جھوٹ کا لشکر دبا نہیں سکتا

اگر ہم صدق و سچائی کے فوائد حاصل کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں سچ کے ہتھیار سے ہمیشہ مسلح رہنا ہوگا۔ حالات جتنے بھی کٹھن ہوں، سچ ہی کا بول بالا کرنا ہوگا۔ پھر وہ وقت آئے گا جب ہمارا شمار اللہ کے ہاں سچے لوگوں میں سے ہونے لگے گا۔

اتنا سچ بول کہ ہونٹوں کا تبسم نہ بجھے-----روشنی ختم نہ کر آگے اندھیرا ہے۔۔۔۔ وما علینا الا البلاغ المبین

## آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمی+دوہرائی

| | |
|---|---|
| 3 | بچوں کو نماز کے لئے صف بندی کا عملی طریقہ سکھائیں۔ |

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس قرآنی قاعدہ

سمسٹر نمبر 4 ٹوٹل سمسٹر: 6 سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: ____________ نام مرکز/مسجد: ____________

| قرآنی قاعدہ |
|---|
| سبق نمبر 13 تا 18 مکمل |

| | | |
|---|---|---|
| | **پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ** | |
| 31 | تکبیر انتقال: | اَللّٰهُ اَكْبَرُ |
| 32 | رکوع کی دعائیں: | 1.سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ (3 مرتبہ) 2۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ |
| 33 | رکوع سے اٹھتے وقت کی دعا: | سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ |
| 34 | تکبیر انتقال: | اَللّٰهُ اَكْبَرُ |
| 35 | سجدہ کی دعائیں: | 1.سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى (3 مرتبہ) 2۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ |
| 36 | تکبیر انتقال: | اَللّٰهُ اَكْبَرُ |
| 37 | دو سجدوں کے درمیان کی دعا: | اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ، وَارْحَمْنِيْ، وَاجْبُرْنِيْ، وَارْفَعْنِيْ، وَاهْدِنِيْ، وَعَافِنِيْ، وَارْزُقْنِيْ |
| 38 | تکبیر انتقال: | اَللّٰهُ اَكْبَرُ |
| 39 | سجدہ کی دعائیں: | 1.سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى (3 مرتبہ) 2۔ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ |
| 40 | تکبیر انتقال: | اَللّٰهُ اَكْبَرُ |
| 41 | تشہد کی دعا: | اَلتَّحِيَّاتُ لِلّٰهِ وَالصَّلَوَاتُ وَالطَّيِّبَاتُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا النَّبِيُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ، اَلسَّلَامُ عَلَيْنَا وَعَلٰى عِبَادِ اللّٰهِ الصَّالِحِيْنَ، اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ |

| | | |
|---|---|---|
| | **دوسرا ہفتہ/ھدیۃ الاطفال** | |
| 19 | کلمہ طیبہ کسے کہتے ہیں؟ | لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ |
| 20 | کلمہ طیبہ کا معنی کیا ہے؟ | اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ |
| 21 | نماز کیا ہے؟ | نماز اللہ تعالی کی عبادت کا خاص طریقہ ہے جس میں قیام، رکوع، سجدہ اور تشہد ہوتا ہے۔ |
| 22 | کیا نماز فرض ہے؟ | جی ہاں، نماز ہر مسلمان مرد اور عورت پر دن رات میں پانچ مرتبہ فرض ہے۔ |
| 23 | ہمیں نماز کا حکم کس نے دیا؟ | ہمیں نماز کا حکم اللہ تعالی نے دیا ہے۔ |
| 24 | ہمیں نماز کا طریقہ کس نے سکھایا ہے؟ | ہمیں نماز کا طریقہ ہمارے پیارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے سکھایا ہے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | **تیسرا ہفتہ/احادیث** | | |
| | قال رسول اللہ ﷺ | | |
| 19 | نماز کس طرح پڑھنی چاہئے؟ | صَلُّوْا كَمَا رَاَيْتُمُوْنِيْ اُصَلِّيْ | تم اسی طریقے سے نماز پڑھا کرو جیسے مجھے نماز پڑھتے ہوئے دیکھتے ہو۔ |
| 20 | نبی کریم ﷺ کی آنکھوں کی ٹھنڈک کیا ہے؟ | جُعِلَتْ قُرَّةُ عَيْنِيْ فِي الصَّلَاةِ | میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز میں بنادی گئی ہے۔ |
| 21 | کسی کام کو حقیر سمجھنے کے بارے میں فرمان نبوی ﷺ کیا ہے؟ | لَا تَحْقِرَنَّ مِنَ الْمَعْرُوْفِ شَيْئًا | نیکی کے کسی بھی کام کو حقیر نہ جانو۔ |
| 22 | کونسی چیز عمر میں اضافے کا سبب بنتی ہے؟ | صِلَةُ الرَّحِمِ تَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ | رشتہ داروں سے حسن سلوک، عمر میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔ |
| 23 | نبی کریم ﷺ کا نام سن کر کیا کہا جائے؟ | مَنْ ذُكِرْتُ عِنْدَهٗ فَلْيُصَلِّ عَلَيَّ | جس شخص کے پاس میرا نام ذکر کیا جائے، وہ مجھ پر درود بھیجے۔ |
| 24 | سنت نبوی ﷺ سے منہ موڑنے کا کیا انجام ہے؟ | مَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ | جو شخص میری سنت سے منہ موڑے اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں۔ |

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

## چوتھا ہفتہ/تجوید

| | | |
|---|---|---|
| 19 | حروفِ مستعلیہ کسے کہتے ہیں؟ | استعلاء کا معنی اوپر اٹھنا ہے، ان کی ادائیگی میں زبان کی جڑ تالو کی جانب اوپر اٹھ جاتی ہے، اس لیے یہ حروف موٹے پڑھے جاتے ہیں۔ |
| 20 | حروفِ مستعلیہ کتنے ہیں اور کون سے ہیں؟ | حروفِ مستعلیہ 7 ہیں۔ جن کا مجموعہ "خُصَّ ضَغْطٍ قِظْ" ہے |
| 21 | حروفِ صفیر یہ کسے کہتے ہیں۔ | صفیر کا معنی ہے سیٹی۔ یہ حروف اپنے مخرج سے تیز سیٹی کی طرح نکلتے ہیں۔ |
| 22 | حروفِ صفیر یہ کتنے ہیں اور کون سے ہیں؟ | حروفِ صفیر یہ 3 ہیں۔ ز، س، ص |
| 23 | حروفِ حلقی کسے کہتے ہیں؟ | وہ حروف جو حلق سے ادا ہوتے ہیں، انہیں حروفِ حلقی کہتے ہیں۔ |
| 24 | حروفِ حلقی کتنے ہیں اور کون سے ہیں؟ | حروفِ حلقی 6 ہیں۔ ء، ھ، ع، ح، غ، خ |

## پانچواں ہفتہ/سیرت النبیﷺ

| | | |
|---|---|---|
| 19 | والدہ محترمہ کے انتقال کے وقت آپ ﷺ کی عمر کتنی تھی؟ | والدہ محترمہ کے انتقال کے وقت آپ ﷺ کی عمر چھ سال تھی۔ |
| 20 | آپ ﷺ کی والدہ محترمہ کا انتقال کہاں ہوا؟ | آپ ﷺ کی والدہ محترمہ کا مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان مقام "ابواء" پر انتقال ہوا۔ |
| 21 | والدین کی وفات کے بعد آپ ﷺ کس کی کفالت میں رہے؟ | والدین کی وفات کے بعد آپ ﷺ اپنے دادا جناب عبد المطلب کی کفالت میں رہے۔ |
| 22 | نبی ﷺ کے دادا عبد المطلب نے کب وفات پائی؟ | جب نبی ﷺ کی عمر آٹھ سال دس دن ہوئی۔ |
| 23 | دادا کی وفات کے بعد پرورش کس نے کی؟ | آپ کے چچا ابو طالب نے جن کا اصل نام عبد مناف تھا۔ |
| 24 | آپ ﷺ کا پہلا تجارتی سفر کس ملک کی طرف تھا؟ | آپ ﷺ کا پہلا تجارتی سفر ملک شام کی طرف تھا۔ |

## چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

### حفظ القرآن

تلاوت: سورۃ النصر (حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْم   بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ ، وَرَأَيْتَ النَّاسَ يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ أَفْوَاجًا ، فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ إِنَّهُ كَانَ تَوَّابًا

### منظوم کلام

اللہ بڑا سب سے بڑا سب سے بڑا ہے
کر اس کی بڑائی کہ ہے یہ شان اسی کی
تخلیق ہے ہر چیز ہر انسان اسی کی
ناداں ہے جو کہتا ہے کوئی رب سے بڑا ہے
اللہ بڑا سب سے بڑا سب سے بڑا ہے
انسان تو ہو سکتا ہے انسان سے افضل
معیار ہے تقویٰ کوئی عالم ہو کہ اجہل
لیکن وہ ہر اک دین سے مذہب سے بڑا ہے
اللہ بڑا سب سے بڑا سب سے بڑا ہے
مٹ جائے گا سب کچھ تو خدا پھر بھی رہے گا
جب کچھ بھی نہ ہو گا وہ بڑا پھر بھی رہے گا
جب اس کے سوا کچھ بھی نہ تھا تب سے بڑا ہے
اللہ بڑا سب سے بڑا سب سے بڑا ہے

### تقریر بعنوان مسواک عظیم سنت ہے

نَحْمَدُهٗ وَ نُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ - اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ - بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ - يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ اَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ

کبھی دیکھ دھوپ میں کھڑے تنہا شجر کو-----ایسے جلتے ہیں وفاؤں کو نبھانے والے

حضراتِ ذی وقار! اللہ کو طہارت بہت پسند ہے۔ اس نے اعلان کر دیا ہے کہ میں پاک صاف رہنے والوں سے محبت کرتا وہ طہارت ظاہری ہو یا باطنی، وہ طہارت عقیدے کی ہو یا جسم کی، وہ طہارت خواہ افکار کی ہو یا لباس کی، اللہ کو بہت پسند ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلام میں مسواک کے بڑے فضائل بیان ہوئے ہیں۔ مسواک کیا ہے؟ مسواک منہ کی صفائی کا ذریعہ ہے اَلسِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِّلْفَمِ۔ مسواک اللہ کی رضامندی کا باعث ہے وَمَرْضَاةٌ لِّلرَّبِّ۔ مسواک اللہ کے پیغمبر ﷺ کی پیاری سنت ہے اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ يَشُوْصُ فَاهُ بِالسِّوَاكِ۔ مسواک انسان کی فطرت کا حصہ ہے عَشْرٌ مِّنَ الْفِطْرَةِ: اَلسِّوَاكُ۔ مسواک نبی مکرم ﷺ کا تاکیدی حکم ہے لَوْلَا اَنْ أَشُقَّ عَلٰى أُمَّتِيْ لَأَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ۔ اگر آپ بھی اللہ کے محبوب بننا چاہتے ہیں تو مسواک کو اپنا شعار بنائیں۔ مسواک کی پابندی کریں۔ اس لیے کہ مسواک سے دانت مضبوط ہوتے ہیں۔ اس لیے کہ مسواک سے دانت سے محفوظ ہوتے ہیں۔ اس لیے کہ مسواک سے معدے کو تقویت ملتی ہے۔ اس لیے کہ مسواک سے مسوڑھوں کو طاقت ملتی ہے۔ اور سب سے بڑھ کر اس لیے کہ مسواک سے اللہ کی رضا حاصل ہوتی ہے۔

محروم رہا دولتِ دریا سے وہ غواص-----کر نہ سکا جو صحبتِ ساحل سے کنارہ

وما علینا الا البلاغ المبین

## آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمی+دوہرائی

| | |
|---|---|
| 4 | بچوں کو نماز پڑھنے کا عملی طریقہ سکھایا جائے۔ |

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# دارالسلام ایجوکیشنل سسٹم

سلیبس قرآنی قاعدہ

سمسٹر نمبر 5 | ٹوٹل سمسٹر: 6 | سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم: ____________ نام مرکز/مسجد: ____________

| قرآنی قاعدہ |
|---|
| سبق نمبر 19 تا 22مکمل |

| | |
|---|---|
| | **پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ** |
| | تشہد کے بعد کی دعائیں |
| 42 | اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ، وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ، وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ،<br>اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ، وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ، كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ، وَعَلٰى آلِ إِبْرَاهِيْمَ، إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ، |
| 43 | رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلَاةِ وَ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَ تَقَبَّلْ دُعَاءِ رَبَّنَا اغْفِرْ لِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَ لِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ |
| 44 | اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ، وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ.<br>اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ |
| 45 | اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا، وَّلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ إِلَّا أَنْتَ، فَاغْفِرْ لِيْ مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ، إِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ |
| 46 | اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ، وَمَا أَخَّرْتُ، وَمَا أَسْرَرْتُ، وَمَا أَعْلَنْتُ، وَمَا أَسْرَفْتُ، وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّيْ. أَنْتَ الْمُقَدِّمُ، وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا إِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ |
| 47 | سلام — اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَةُ اللهِ ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَ رَحْمَةُ اللهِ |

| | | |
|---|---|---|
| | | **دوسرا ہفتہ/ھدیۃ الاطفال** |
| 25 | کیا نماز پڑھنے سے پہلے نیت کرنی چاہیے؟ | جی ہاں، نماز پڑھنے سے پہلے نیت کرنی چاہیے، کیونکہ نیت کے بغیر کوئی عبادت قبول نہیں ہوتی۔ |
| 26 | نیت کس طرح کرنی چاہیے؟ | نیت دل کے ارادے کا نام ہے، اس لیے نیت دل میں کرنی چاہیے۔ |
| 27 | نماز کے لیے کیا ضروری ہے؟ | نماز کے لیے انسان کے جسم، لباس اور جگہ کا پاک ہونا اور وضو کرنا ضروری ہے۔ |
| 28 | وضو کا طریقہ کیا ہے؟ | وضو کا طریقہ یہ ہے: سب سے پہلے دل میں وضو کی نیت کر کے بسم اللہ پڑھیں، پھر 3 بار دونوں ہاتھ دھوئیں، پھر دائیں ہاتھ سے 3 بار کلی کریں اور 3 بار ہی ناک میں پانی ڈال کر بائیں ہاتھ سے ناک صاف کریں، پھر 3 بار منہ دھوئیں اور داڑھی کا خلال کریں، پھر 3 بار دایاں ہاتھ کہنی تک دھوئیں، اسی طرح بایاں ہاتھ بھی کہنی تک 3 دفعہ دھوئیں اور انگلیوں کے درمیان خلال کریں، پھر 1 بار سر کا مسح کریں، پھر دایاں پاؤں ٹخنوں تک 3 بار دھوئیں اور پاؤں کی انگلیوں کے درمیان خلال کریں، اسی طریقے سے بایاں پاؤں 3 دفعہ دھوئیں۔ |
| 29 | وضو کے بعد کی دعا کیا ہے؟ | وضو کے بعد کی دعا یہ ہے: اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ۔ |
| 30 | وضو کے لیے پانی میسر نہ ہو تو کیا کرنا چاہیے؟ | وضو کے لیے پانی میسر نہ ہو تو تیمم کرنا چاہیے۔ |

| | | | |
|---|---|---|---|
| | | | **تیسرا ہفتہ/احادیث** |
| | | | قال رسول اللہ ﷺ |
| 25 | زکاۃ ادا نہ کرنے والے کی کیا سزا ہے؟ | مَانِعُ الزَّكَاةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِي النَّارِ | زکاۃ ادا نہ کرنے والا، قیامت کے دن جہنم کی آگ میں ہو گا۔ |
| 26 | صبر کا حقیقی وقت کیا ہے؟ | إِنَّمَا الصَّبْرُ عِنْدَ الصَّدْمَةِ الْأُوْلٰى | صبر وہی ہے، جو ابتدائے صدمہ میں ہو۔ |
| 27 | اللہ تعالیٰ کے غصے کو ٹھنڈا کرنے کا سبب کیا ہے؟ | إِنَّ الصَّدَقَةَ لَتُطْفِئُ غَضَبَ الرَّبِّ | بے شک صدقہ رب تعالیٰ کے غصہ کو ٹھنڈا کر دیتا ہے۔ |
| 28 | کیا اللہ تعالیٰ خوبصورت ہیں؟ | إِنَّ اللهَ جَمِيْلٌ يُّحِبُّ الْجَمَالَ | بے شک اللہ تعالیٰ خوبصورت ہے، خوبصورتی کو پسند کرتا ہے۔ |
| 29 | بہترین لوگ کون ہیں؟ | إِنَّ مِنْ خِيَارِكُمْ أَحْسَنُكُمْ أَخْلَاقًا | تم میں سے بہترین وہ ہیں، جن کا اخلاق اچھا ہے۔ |
| 30 | کون سا شخص اللہ تعالیٰ کا شکریہ ادا نہیں کرتا؟ | لَا يَشْكُرُ اللهَ مَنْ لَّا يَشْكُرُ النَّاسَ | وہ اللہ کا شکر بھی ادا نہیں کرتا، جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا۔ |

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

| | | |
|---|---|---|
| **چوتھا ہفتہ/تجوید** | | |
| 25 | حروفِ قلقلہ کسے کہتے ہیں؟ | قلقلہ کا معنیٰ ہیں ہلانا۔ان حروف کو ادا کرتے وقت آسانی سے ان کے مخرج کو حرکت ہو جاتی ہے۔ |
| 26 | حروفِ قلقلہ کتنے ہیں اور کون سے ہیں؟ | حروفِ قلقلہ 5 ہیں۔ جن کا مجموعی "قُطُبُ جَدٍّ" ہے۔ |
| 27 | حروف مدہ کسے کہتے ہیں؟ | مد کا معنی ہے کھینچنا۔ یہ حروف ایک الف کے برابر کھینچ کر پڑھے جاتے ہیں۔ |
| 28 | حروف مدہ کتنے ہیں اور کون سے ہیں؟ | حروف مدہ 3 ہیں۔ا،و،ی۔ شرط یہ ہے کہ الف ساکن سے پہلے اگر زبر،واؤ ساکن سے پہلے پیش اور یا ساکن سے پہلے زیر ہو۔ |
| 29 | حروف لین کسے کہتے ہیں؟ | لین کا معنی نرمی ہے۔ان حروف کو ادا کرتے وقت ان میں اتنی نرمی پائی جاتی ہے کہ کوئی ان پر مد کرنا چاہے تو کر سکتا ہے۔ |
| 30 | حروف لین کتنے ہیں اور کون سے ہیں؟ | حروف لین 2 ہیں۔و،ی۔ شرط یہ ہے کہ واؤ ساکن اور یا ساکن سے پہلے زبر ہو۔ |

| | | |
|---|---|---|
| **پانچواں ہفتہ/سیرت النبیﷺ** | | |
| 25 | آپ ﷺ نے پہلا تجارتی سفر کیا تو آپ ﷺ کی عمر کتنی تھی؟ | ایک قول کے مطابق 12 سال اور دوسرے قول کے مطابق 12 سال 2ماہ 10 دن۔ |
| 26 | سیدہ خدیجہؓ کا مالِ تجارت لے کر آپ ﷺ کس ملک گئے؟ | ملکِ شام میں۔ |
| 27 | ملکِ شام کے تجارتی سفر میں آپ ﷺ کے ساتھ کون تھا؟ | حضرت خدیجہؓ کا غلام "میسرہ" تھا۔ |
| 28 | نبی کریم ﷺ کا پہلا نکاح کب اور کس سے ہوا؟ | 25سال کی عمر میں سیدہ خدیجہ بنت خویلدؓ سے ہوا۔ |
| 29 | سیدہ خدیجہؓ کی عمر اس وقت کتنی تھی؟ | چالیس سال۔ |
| 30 | حضرت خدیجہؓ کو آپ ﷺ نے حق مہر میں کیا دیا؟ | حضرت خدیجہؓ کو آپ ﷺ نے حق مہر میں بیس اونٹ دیئے۔ |

## چھٹا،ساتواں ہفتہ/بزم ادب

### حفظ القرآن

تلاوت:سورۃالکافرون(حدر) عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يَا أَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ،لَا أَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ،وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُوْنَ مَا أَعْبُدُ،وَلَا أَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ،وَلَا أَنْتُمْ عَابِدُوْنَ مَا أَعْبُدُ،لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ

| منظوم کلام | تقریر بعنوان اللہ کا ذکر دلوں کی زندگی ہے |
|---|---|
| جس طرح ملتے ہیں لب نام محمد ﷺ کے سبب<br>کاش ہم مل جائیں سب نام محمد ﷺ کے سبب<br>تھا کہاں پہلے ہمیں حفظِ مراتب کا خیال<br>ہم نے سیکھا ہے ادب نامِ محمد ﷺ کے سبب<br>سرورِ عالم کے دم سے ہے عجم کی آبرو<br>محترم ٹھہرا عرب نامِ محمد کے سبب<br>ایک ہی صف میں کھڑے ہیں نوکر و آقا یہاں<br>مٹ گئی تفریق سب نامِ محمد ﷺ کے سبب<br>جبر کے پنجے میں جکڑے جاں بہ لب انسان کو<br>آ گیا جینے کا ڈھب نامِ محمد ﷺ کے سبب<br>بوذر و سلمان ہوں یا مصعب و عثمان ہوں<br>ایک ہیں پرواز سب نامِ محمد ﷺ کے سبب | نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّيْ عَلٰى رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَأَعُوْذُ بِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَا أَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا اذْكُرُوا اللهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا<br>نہ دنیا سے،نہ دولت سے،نہ گھر آباد کرنے سے-----تسلی دل کو ہوتی ہے خدا کو یاد کرنے سے<br>سامعین کرام!اللہ کے ہم پر بے شمار احسانات ہیں۔اس کا احسان ہے کہ اس نے ہم کو انسان پیدا کیا۔اس کا احسان ہے کہ اس نے ہمیں آخری نبی کا امتی بنایا۔اللہ کا احسان ہے کہ اس نے ہمیں توحید کی دولت سے مالا مال کیا۔اس کے احسانات کا تقاضہ ہے کہ ہم ہر وقت اس کو پکاریں۔چلتے پھرتے اس کی تعریف کریں۔زبان کو اس کے ذکر سے تر رکھیں۔ہمارے نبی ﷺ ہر وقت اللہ کے ذکر سے اپنی زبان کو تر رکھتے تھے۔ذکرِ الٰہی اللہ کے عذاب سے نجات دلاتا ہے۔جس محفل میں اللہ کا ذکر کیا جائے اسے فرشتے اپنے پروں سے ڈھانپ لیتے ہیں۔اس مجلس والوں کا تذکرہ اللہ اپنے مقرب فرشتوں میں کرتے ہیں۔اس لیے ہمیں چاہیے کہ ہر وقت اللہ کا ذکر کرتے رہیں۔چلتے پھرتے سبحان اللہ،الحمد للہ اور اللہ اکبر کا ذکر کرتے رہیں۔سوتے،اٹھتے سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم کا ورد کرتے رہیں۔اس سے اللہ کی رحمتیں بھی اتریں گی اور نیکیوں کا ذخیرہ بھی بڑھے گا۔<br>چاہتے ہو اگر سکونِ دل کی نعمت-----زبان کو ذکر سے تر کر کے دیکھو<br>وما علینا الا البلاغ المبین |

| | |
|---|---|
| **آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمی+دوہرائی** | |
| 5 | بچوں کو بطور امام باجماعت نماز پڑھانے کا طریقہ سکھایا جائے اور بار بار مشق کروائی جائے۔ |

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

# دارالسلام ایجو کیشنل سسٹم

سمسٹر نمبر 6    ٹوٹل سمسٹر:6    1سمسٹر مدت: 2ماہ

نام طالب علم:_______________    نام مرکز:_______________

سلیبس قرآنی قاعدہ

| قرآنی قاعدہ |
|---|
| سبق نمبر 23 تا مکمل قاعدہ+دوہرائی |

## پہلا ہفتہ/ادعیہ مسنونہ(نماز کے بعد کے اذکار)

| | | |
|---|---|---|
| 48 | اَللّٰہُ اَکْبَرُ(بلند آواز سے 1 مرتبہ) اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ(بلند آواز سے 3 مرتبہ) | |
| 49 | اَللّٰهُمَّ أَنْتَ السَّلَامُ، وَمِنْكَ السَّلَامُ، تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ | |
| 50 | اَللّٰهُمَّ رَبِّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِكَ وَ شُکْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ | |
| 51 | لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ | |
| 52 | اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ، وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ، وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ | |
| 53 | لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ، وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ.لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ، وَلَا نَعْبُدُ إِلَّا إِيَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ، لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ | |
| 54 | سُبْحَانَ اللّٰهِ 33 مرتبہ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، 33 مرتبہ ، اللّٰهُ أَكْبَرُ 33 مرتبہ | لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ |
| 55 | اَللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَأْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ،لَهٗ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَمَا فِي الْأَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗ إِلَّا بِإِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖ إِلَّا بِمَا شَاءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ | |
| 56 | سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس | |

## دوسرا ہفتہ/هدية الاطفال

| | | |
|---|---|---|
| 31 | تیمم کا طریقہ کیا ہے؟ | تیمم کا طریقہ یہ ہے کہ دل میں تیمم کی نیت کر کے دونوں ہاتھ پاک سطح زمین (مٹی وغیرہ) پر ماریں، پھر دونوں ہاتھوں میں پھونک کر بایاں ہاتھ دائیں پر اور دایاں ہاتھ بائیں پر پھیریں، پھر دونوں ہاتھوں کو چہرے پر پھیر لیں۔ |
| 32 | دنیا کی بہترین اور بدترین جگہ کون سی ہے؟ | دنیا کی بہترین جگہ مسجد اور بدترین جگہ بازار ہے۔ |
| 33 | مسجد کس لیے بنائی جاتی ہے؟ | مسجد اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لیے بنائی جاتی ہے۔ |
| 34 | مسجد کے آداب کیا ہیں؟ | مسجد کے آداب یہ ہیں:مسجد میں داخل ہوتے وقت پہلے دایاں پاؤں اندر رکھنا چاہیے اور مسجد میں داخل ہونے کی دعا پڑھنی چاہیے۔ مسجد میں بیٹھنے سے پہلے دو رکعت تحیۃ المسجد پڑھنی چاہیے۔ کوئی بدبودار چیز بالخصوص کچی پیاز اور لہسن کھا کر مسجد میں آنا منع ہے۔ سگریٹ اور حقہ پینا ویسے بھی منع ہے اور مسجد آتے وقت اس سے بہت زیادہ بچنا چاہیے۔ مسجد میں تھوکنے سے گریز کرنا چاہیے۔ اگر کہیں تھوک وغیرہ ہو تو اسے صاف کر دینا چاہیے۔ مسجد کی صفائی کا خاص خیال رکھنا چاہیے اور مسجد میں خوشبو بکھیرنی چاہیے۔ مسجد میں گم شدہ چیز کا اعلان کرنا، خرید و فروخت کرنا اور ناپاک حالت میں بیٹھنا منع ہے۔ اذان کے بعد نماز پڑھے بغیر مسجد سے باہر نہیں جانا چاہیے۔ مسجد سے نکلتے وقت پہلے بایاں پاؤں باہر رکھنا چاہیے اور دعا پڑھنی چاہیے۔ |
| 35 | بچوں کو نماز کب شروع کر دینی چاہیے؟ | بچے سات سال کے ہو جائیں تو انہیں نماز شروع کر دینی چاہیے۔ |
| 36 | فرض نمازوں کی تعداد کتنی ہے؟ | پانچ |

## تیسرا ہفتہ/احادیث(قال رسول اللہ ﷺ)

| | | | |
|---|---|---|---|
| 31 | مشکوک کام کو اختیار کرنا کیسا ہے؟ | دَعْ مَا يُرِيْبُكَ إِلٰى مَا لَا يُرِيْبُكَ | جو کام تمہیں شک میں ڈالے اسے چھوڑ کر اس کام کو اختیار کرو جو شک میں نہ ڈالے۔ |
| 32 | مسلمان کو گالی دینا کیسا ہے؟ | سِبَابُ الْمُسْلِمِ فُسُوْقٌ وَّقِتَالُهٗ كُفْرٌ | مسلمان کو گالی دینا گناہ، اور اس سے لڑائی کرنا کفر ہے۔ |
| 33 | والدہ کی نافرمانی کیسا عمل ہے؟ | اِنَّ اللّٰهَ حَرَّمَ عَلَيْكُمْ عُقُوْقَ الْأُمَّهَاتِ | اللہ تعالیٰ نے تم پر جائز کاموں میں ماؤں کی نافرمانی حرام کر دی ہے۔ |
| 34 | مرنے کے بعد کون جنت میں جائے گا؟ | مَنْ مَّاتَ لَا يُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا دَخَلَ الْجَنَّةَ | جو شخص اس حال میں فوت ہوا کہ وہ اللہ کے ساتھ ذرہ بھر بھی شرک نہیں کرتا تھا، وہ ضرور جنت میں داخل ہو گا۔ |
| 35 | کون سا ہاتھ بہتر ہے؟ | اَلْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى | اوپر والا (یعنی دینے والا) ہاتھ، نیچے والے (یعنی لینے والے) ہاتھ سے بہت بہتر ہے۔ |
| 36 | رحم نہ کرنے والے کا کیا انجام ہے؟ | مَنْ لَّا يَرْحَمِ النَّاسَ لَا يَرْحَمْهُ اللّٰهُ | جو لوگوں پر رحم نہیں کرتا، اللہ تعالیٰ بھی اس پر رحم نہیں کرے گا۔ |

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

## چوتھا ہفتہ/تجوید

| | | |
|---|---|---|
| 31 | قَصر کسے کہتے ہیں؟ | دو حرکات (ایک الف) کے برابر کھینچ کر پڑھنا۔ |
| 32 | تَوَسُّط کسے کہتے ہیں؟ | چار حرکات (دو الف) کے برابر کھینچ کر پڑھنا۔ |
| 33 | طُول کسے کہتے ہیں؟ | چھ حرکات (تین الف) کے برابر کھینچ کر پڑھنا۔ |
| 34 | وقف کا لغوی معنی کیا ہے؟ | ٹھہرنا، رکنا |
| 35 | وقف کا اصطلاحی معنی ذکر کریں؟ | کسی کلمہ کے آخر پر سانس اور آواز توڑ کر ٹھہرنا۔ |
| 36 | ہائے مدورہ (گول ۃ) پر وقف کا کیا طریقہ ہے؟ | جس کلمے کے آخر میں گول (ۃ) ہو، اسے وقف کی صورت میں ہائے ساکنہ (ہْ) سے بدل کر پڑھیں جیسے بقرۃ سے بقرہ۔ |

## پانچواں ہفتہ/سیرت النبی ﷺ

| | | |
|---|---|---|
| 31 | نبی ﷺ نے عمر رسیدہ اور بیوہ سے نکاح کیوں کیا؟ | پاک دامنی، پاکیزہ اخلاق اور شرافت کی بنا پر۔ |
| 32 | حجر اسود کے نصب کرنے کا مسئلہ کب پیش آیا؟ | جب نبی ﷺ کی عمر 35 سال تھی۔ |
| 33 | آپ ﷺ کو نبوت کتنے برس کی عمر میں ملی؟ | چالیس (40) سال کی عمر میں۔ |
| 34 | آپ ﷺ کو نبوت کہاں ملی؟ | مکہ سے تقریباً 5 کلومیٹر دور غار حراء میں۔ |
| 35 | آپ ﷺ کو نبوت کب ملی؟ | 9 ربیع الاوّل 41 میلاد نبوی مطابق 12 فروری 610ء بروز پیر۔ |
| 36 | اللہ نے کس فرشتہ کو آپ ﷺ کے پاس پیغام نبوت دے کر بھیجا؟ | سیدنا جبریل امینؑ سورۃ العلق کی ابتدائی آیات لے کر آئے۔ |

## چھٹا، ساتواں ہفتہ/بزم ادب

### حفظ القرآن

تلاوت: سورۃ الکوثر حدر عرب قراء کے لہجہ میں تیار کروائی جائے۔

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

إِنَّا أَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ إِنَّ شَانِئَكَ هُوَ الْأَبْتَرُ

| منظوم کلام | تقریر بعنوان نرمی محبت پیدا کرتی ہے |
|---|---|
| ناداروں کو علم کے موتی آقا نے انمول دیے<br>بابِ جہالت بند کیا اور ذہنوں کے در کھول دیے<br>انگاروں کو پھول بنایا ذرّوں کو خورشید کیا<br>جن ہونٹوں میں زہر بھرا تھا ان کو میٹھے بول دیے<br>خشک پسینہ ہونے سے پہلے مزدوری مزدور کو دی<br>منگتوں کو محنت سکھلائی اور پھینکو اکشکول دیے<br>آپ کی قربت نے لوگوں کو ایک نیا احساس دیا<br>جتنے چاہنے والے تھے کردار انہیں بے جھول دیے<br>یاد مدینہ جب بھی آئی ہم جیسے مجبوروں کو<br>طائر جسم و جاں نے ہمارے اُڑنے کو پر تول دیے<br>بے کیفی کے موسم میں اک کیف سوا اعجاز ملا<br>نغمہءِ نعتِ سرورِ دیں نے رنگ فضا میں گھول دیے | نَحْمَدُهٗ وَ نُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ الْكَرِيْمِ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يُرِيْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْيُسْرَ<br>ہم نے کانٹوں کو بھی نرمی سے چھوا ہے اکثر ----- لوگ بے درد ہیں پھولوں کو مسل دیتے ہیں<br>حضراتِ گرامی! اسلام ہمارے لیے اللہ کی بہت بڑی نعمت ہے۔ اسلام نے ہمیں زندگی گزارنے کا طریقہ سکھا دیا ہے۔ ہمیں ایسی صفات اختیار کرنے کی ترغیب دی ہے جن سے دنیا بھی سنور جائے اور آخرت کا بھی سامان ہو جائے۔ ان عمدہ صفات میں سے ایک صفت نرم خوئی اور آسان پسندی ہے۔ نرمی یہ ہے کہ لوگ آپ سے تنگ نہ ہوں۔ نرمی یہ ہے کہ دوسروں سے خندہ پیشانی سے ملیں۔ نرمی یہ ہے کہ ڈانٹ ڈپٹ اور غصے سے بچیں۔ یہ ایسی صفت ہے جس کا حکم اللہ تعالیٰ نے موسیٰؑ اور ہارونؑ کو بھی دیا: فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا۔ یہ ایسی صفت جسے اللہ نے ہمارے نبی ﷺ کے لیے رحمت قرار دیا ہے فَبِمَا رَحْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ لِنْتَ لَهُمْ۔ یہ ایسی صفت ہے جسے خالقِ کائنات نے خود بھی اختیار کیا ہے۔ اِنَّ اللّٰهَ رَفِيْقٌ يُّحِبُّ الرِّفْقَ۔ آپ بھی نرمی اختیار کیجئے کیونکہ نرمی باعث زینت ہے اِنَّ الرِّفْقَ لَا يَكُوْنُ فِیْ شَیْءٍ اِلَّا زَانَهٗ۔ اپنی زبان میں نرمی لائیے کیونکہ نرمی جہنم سے بچاتی ہے حُرِّمَ عَلَى النَّارِ كُلُّ هَيِّنٍ لَيِّنٍ۔ آپ بھی لوگوں کے ساتھ آسانی والے معاملات کر کے بھلائیاں سمیٹیے۔ اللہ سے دعا بھی کیجیے کہ وہ ہمیں سختی سے بچائے اور نرمی اختیار کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔<br>جبیں پر سادگی، نیچی نگاہیں، بات میں نرمی ---- بڑا ہی محترم ٹھہرے جو انسان ان کو اپنائے۔ وما علینا الا البلاغ المبین |

## آٹھواں ہفتہ/تربیتی سرگرمی+دوہرائی

| | |
|---|---|
| 6 | بچوں کو اذان اور اقامت کا عملی طریقہ سکھائیں۔ |